جناب ابراہیم خان: بالکل جی په سوونو خلق جی هغې کښې مونږ تاسو ښودلے شو چې سوونو خلقو په مخکښې د ورځ راغلی دی او دغه ئے کړی دی او هغه خلق دا هم وائی چې مونږ ورته دومره اووئیل چې مونږ ته طریقه کار اوښائی، مونږ اوس جائیداد تقسیم کړے دے، مونږه ته د طریقه کار اوښائی چې د دې څه طریقه ده؟ اوس مونږ څه اوکړو؟ صرف دومره اوکړئ چې یو دوه ورځے مهلت راکړئ او طریقه کار راته اوښائی او وائی چې هغوئ هیڅ مونږ له څه جواب رانه کړو او۔۔۔۔

جناب سپیکر: آنریبل منسټر چې کومه نکته اوچته کړې ده هغه Valid نکته ده، مطلب دا دے۔۔۔۔

قاری محمد عبداللہ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی!

قاری محمد عبداللہ: اگرایک ایم پی اے کی زبانی فلور آف دی ہاؤس۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ قاری عبداللہ صاحب، میں کہنے والا تھا، لیکن آپ مجھے بولنے نہیں دیتے، مصیبت یہ ہے۔

قاری محمد عبداللہ: ٹھیک ہے، جی۔

جناب سپیکر: آنریبل منسٹر نے جو نکتہ اٹھایا ہے یہ Valid نکتہ ہے، اس پر اعتبار کرنا چاہیئے، وہ بھی معزز ایوان کے آنریبل ممبر ہیں اور میرے خیال میں، اگر کسی نے زیادتی کی ہے تو They should be taken to task.

جناب حبیب الرحمن: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، حاجی حبیب الرحمن صاحب۔

جناب حبیب الرحمن: مہربانی جناب سپیکر! ستاسو په وساطت باندې ایکسائز اینډ ټیکسیشن منسټر ته مے دا عرض دے چې زمونږ په ملاکنډ ډویژن کښې نان کسټم پیډ ګاډی دی، تقریباً تیس هزار دی، مخکښې د آصف اقبال صاحب سره چې کوم دا قلمدان وو، ما دوئ سره خبره کړی وه، دا د حکومت په کروړو روپے تاوان دے، زما دا عرض دے چې دوئ د فوری طور، په دې کښې دوه خبرې دی، یا خو دا چې په دې ملاکنډ ډویژن کښې ډسټرکټ لوکل ګورنمنټ چې کوم دے، هغوې ته دوئ اختیار ورکړی چې روډ ټیکس په هغوې باندې اولګوی، د حکومت په کروړونو روپئی ضائع کیږی یا د دوئ د فیډرل ګورنمنټ سره دا مسئله Take up کړی او دا په کسټم کښې دے خلقو له ریلیف ورکړی50% پورے، هغه خلق په دې نه، د کروړونو روپو ګاډی دی او هغه په بے دردئ سره، هلته کښې خلقو ته ډیر لوئے تکلیف دے، پولیس ئے نیسی هر وخت او دا پرخول دی چې چا ته دے زړه ښه نه وی، هغه ګاډی نیسی وائ دا غیر قانونی دی، نو ما مخکښې دوئ سره دا خبره زبانی کړې وه، په دې کښې دوه درے میاشتے اووتے، زهٔ د Minister concerned ته ستاسو په وساطت باندې دا خبره کومه چې-----

(تالیاں)

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے اراکین ہاؤس میں واپس آگئے)

جناب سپیکر: جی!

جناب حبیب الرحمن: چې دا مسئله سنګینه مسئله ده-----

جناب سپیکر: جی۔

جناب حبیب الرحمن: دا د قومی مفاداتو مسئله ده، حکومت ته په دې کښې ډیر لوئے Loss دے اوس، نو مهربانی د دوئ اوکړی که د فیډرل ګورنمنټ سره دوئ دا مسئله اوچته کړی او لوکل ګورنمنټ ته دا شے حواله کړی چې

ډسټرکټ ګورنمنټ په دې باندې صرف روډ ټیکس اولګوی، د دې نه هم به په لکھونو کروړونو روپو آمدنی وی نو دا زۀ وایم چې یره دوئ په دې باندې په سنجیدګئ سره غور اوکړی او دوئ د مسئلے څه حل راوباسی چې پولیس خلق نه تنګوی۔۔۔۔

جناب سپیکر: فضل ربانی صاحب!

وزیر آبکاری و محاصل: معزز رکن چې کومه خبره اوچته کړه د دې تعلق د فیډرل ګورنمنټ سره دے، د ګاډو کسټم ډیوټی او هغے فیصله کول، پیکج ورکول دا د فیډرل ګورنمنټ خبره ده، زمونږه هغه له به رجسټریشن کوؤ چې هغوئ هلته کسټم باره کښې فیصله اوکړی، روډ ټیکس به هله اخستے کیږی چې هغه رجسټرډ شی او داسې فیصله مونږ نه شو کولے چې هغه زمونږ د ګورنمنټ سره متعلقه نه وی، مخکښې به هغوې یوه کمیټی جوړه کړې وه، بیا هم هغوې ته مونږ وایو نو د کمیټی اعلان اوکړئ او دے باره کښې فیصله اوکړئ، بهرحال د دغے علاقو څه ممبرانو مونږ سره رابطه کړې وه چې دا خبره ښه نه ده چې دے طریقه باندې نور ټیکسونه په علاقه باندې اولګوی نو دوئ د خپلو کښې فیصله اوکړی او بیا چې دے، مشترکه خبره به مونږ کوؤ۔

ملک ظفر اعظم (وزیر قانون): جناب سپیکر! میں اپوزیشن کے۔۔۔۔

جناب سپیکر: ملک ظفر اعظم صاحب۔

وزیر قانون: میں اپوزیشن اراکین کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ انہوں نے بات مان لی۔

جناب سپیکر: جی، تھینک یو۔ شاہ راز خان۔

جناب شاہ راز خان: زما ګزارش دا دے جی دے منسټر صاحب چې کومه خبره اوکړه چې دا مرکزی سبجیکټ دے، نو مرکزی سبجیکټ خو دا کسټم ایکټ چې دے یا کسټم هغوې باندې لګول، دے کښې رجسټریشن دے، رجسټریشن ایکټ ملاکنډ ډویژن ته Extend دے، د دې وجه نه زما ګزارش دا دے چې د دې ګاډو د پاره دوئ یو داسې طریقه را اوباسی چې هغه په خلقو باندې بوجھ نه وی، حکومت ته د هغې نه فائده هم ملاؤ شی او خلقو ته هم د هغې نه فائده ملاؤ شی، خواه مخواه په روډونو باندې ګاډی ګرځی، خواه مخواه خلق هغه سهولت

Avail کوی نو پکار دا ده چې د دې منسټر صاحب، حکومت د دې یو حل راوباسی، مونږ ورسره Co-operation کوؤ کیبنو او د دې په باره کښې څه فیصله به او کړو۔

سالانہ ترقیاتی پروگرام، آئندہ بجٹ اور تعمیر سرحد پروگرام پر وزیر خزانہ کی اختتامی تقریر

<u>جناب سپیکر</u>: جی، جی۔ Next جناب سراج الحق صاحب سے استدعا ہے کہ وہ Concluding speech کا آغاز کریں Discussion on provincial Finance Commission coming budget and Taamer-e-Sarhad programme.

<u>جناب سراج الحق (سینیئر وزیر)</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ محترم سپیکر صاحب، معزز اراکین اسمبلی، میں نے کل توجہ کے ساتھ بہت ہی اہم مسائل پر جناب انور کمال خان صاحب، مرید کاظم صاحب، مشتاق غنی صاحب، سکندر شیر پاؤ صاحب، میاں نثار گل صاحب، رفعت اکبر سواتی صاحبہ، نسرین خٹک صاحبہ اور عبدالاکبر خان صاحب، جمشید خان صاحب اور زرگل صاحب، اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب اور حبیب الرحمن خان صاحب کی تقاریر سنی ہیں، میرے خیال میں ہماری اس اسمبلی میں سب سے زیادہ جن اہم موضوعات پر گفتگو ہوئی ہے، وہ کل کی تقاریر تھیں اور مجھے اس پر بہت خوشی ہوئی ہے کہ ہمارے معزز ممبران اسمبلی نے پوری تیاری کے ساتھ اس موضوع پر گفتگو کا حق ادا کیا ہے، ہمارے ایک دو ساتھی اور بھی رہ گئے تھے، میں چاہتا تھا کہ وہ بھی اپنی گفتگو کر لیتے، لیکن بہر حال۔۔۔۔۔

<u>جناب بشیر احمد بلور</u>: جناب سپیکر! پوائنٹ آف آرڈر، ایک عرض میں منسٹر صاحب سے کروں کہ مجھے پتہ ہے، مگر میں نے اس بارے میں سٹارٹ میں ہی کی تھی اور آپ اس دن تشریف فرما نہیں تھے، اس کے بارے میں میں نے بات کی ہوئی ہے، پہلے دن میں نے اس کے بارے میں بات کی ہے۔

<u>سینیئر وزیر</u>: صحیح ہے جی، بہت شکریہ۔

<u>جناب سپیکر</u>: بشیر بلور صاحب نے سٹارٹ لیا تھا۔

<u>سینیئر وزیر</u>: اچھا بشیر بلور صاحب نے سٹارٹ کیا تھا، لیکن میں کل اس انتظار میں تھا۔۔۔۔۔

<u>Mr. Speaker</u>: Honorable was the opener.

<u>سینیئر وزیر</u>: بہت شکریہ جی، میں چاہتا تھا کہ ان کو بھی سن لوں، لیکن بہر حال غیر حاضری کی وجہ سے میں اس سے محروم رہا، میں اس پہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت صوبہ سرحد کی آبادی ایک کروڑ اور ستر

لاکھ پر مشتمل ہے اور پورے پاکستان میں انتہائی غربت کا شکار علاقہ ہے اور یہ وہی علاقہ ہے، جس میں 44 فیصد لوگ غربت کی حد کی لکیر سے نیچے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، صوبہ سرحد ایک ایسا علاقہ ہے جہاں گزشتہ عرصہ دراز سے، 1992 میں ہماری جو غربت تھی، یہاں 36 فیصد لوگ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے تھے، لیکن سات آٹھ سالوں میں ہم نے، اگر کسی چیز میں ترقی کی ہے تو وہ غربت ہے اور 36 فیصد کی بجائے اب یہ بات 44 تک پہنچ گئی ہے اور اس بات کا خطرہ ہے کہ، اگر Proper منصوبہ بندی اور لائحہ عمل مرتب نہیں کیا گیا اور اس طرح مزید بارہ سال بھی گزر گئے تو شاید یہ بھی افریقہ کی طرح غریب خطوں میں شمار ہو جائیں گے، جہاں لوگ اور انسان، انسان کے گوشت کھانے پر مجبور ہیں، صوبہ سرحد کا بیشتر علاقہ پہاڑی علاقوں پر مشتمل ہے اور یہاں میدانی علاقے انتہائی کم ہیں، بلکہ جنوبی اضلاع کے چند اضلاع کے علاوہ پشاور، مردان، بنوں اور ایبٹ آباد وغیرہ میدانی علاقے ہیں اور غربت کی ایک بنیادی وجہ سمندر سے دوری بھی ہے، جس کی وجہ سے یہاں صنعتی ترقی نہیں ہو سکی، گدون امازئی جو ایک صنعتی قبرستان ہے مرکز نے، چونکہ اپنی مراعات واپس لی ہیں اور اس کی وجہ سے بھی بہت ہی خسارے کا سامنا کرنا پڑا ہے اور یہ صنعتی یونٹ جب بند ہو گئے، اس کی وجہ سے ہمارے بے شمار مزدور اپنے روزگار سے محروم ہو گئے ہیں اور اس وقت صوبہ سرحد میں (666) چھ سو چھیاسٹھ کارخانے ہیں جن میں (313) تین سو تیرہ اب بھی بند پڑے ہیں، مرکز نے وعدہ کیا تھا کہ ان علاقوں کے لئے بجلی کی مد میں ہم خصوصی رعایت دیں گے، درآمدی ڈیوٹی یہاں معاف کر دیں گے، لیکن افسوس یہ ہے کہ مرکز نے وہ تمام مراعات واپس لے لیں اور اس کے نتیجے سے کچھ تو وہ کارخانہ دار بھی یہاں سے بھاگ گئے اور میری نالج اور علم میں یہ بات آئی ہے کہ اب بھی کراچی میں کچھ پوائنٹس ایسے ہیں، جہاں گدون امازئی کے نام پہ کارخانے لگے ہیں اور اشیاء پر ان کی مہر ہمارے دیکھنے میں آئی ہیں، لیکن یہاں صوبہ سرحد میں آمدنی جو ہے، صوبہ سرحد کی آمدنی، یہ بھی ایک عجیب بات ہے کہ سترہ روپیہ فی کس اوسط آمدنی صوبہ سرحد میں، جبکہ پاکستان کے باقی دیہات میں یہ (28) اٹھائیس روپیہ فی کس آمدنی ہے تو تعلیم کے لحاظ سے، روزگار کے لحاظ سے اور غربت کے لحاظ سے بلکہ صوبہ سرحد ہر لحاظ سے پیچھے ہی پیچھے چلا جا رہا ہے، میں اس بات پہ خوش ہوں کہ، اگر ایک بیمار کو اپنی بیماری کا احساس ہو جائے تو یہ علامت اس بات کی امید ہے کہ انشاءاللہ اس کا علاج ہو سکے گا، یہاں جس طرح

اسمبلی کے ممبران کو احساس ہے ان مسائل کا، تو اس کے نتیجے میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ ان شاءاللہ ہم اپنے مسائل حل کر سکیں گے، اس وقت جو سب سے بڑا مسئلہ ہے اور جو مرکز کے ساتھ وابستہ ہے وہ قابل تقسیم پول ہے، جواب تک اس انداز سے نہیں ہو سکا کہ، جس کی بنیاد پہ صوبہ سرحد بھی باقی صوبوں کی طرح ترقی کر سکے، اور ہم چاہتے تھے کہ مرکزی حکومت ہماری ان تمام آمدنی کو جو ان کو حاصل ہے، اس وقت وہ علاقے کی غربت کے لحاظ سے تقسیم کر لیتے تو اس کے نتیجے میں بڑا فائدہ ہمیں پہنچ جاتا، لیکن افسوس ہے کہ اب تک یہ نہیں ہو سکا اور انہوں نے جو اصول بنائے ہیں کہ وفاق ساٹھ فیصد اور اس طرح صوبوں میں یہ 37 فیصد، لیکن ہم چاہتے ہیں کہ وفاق اپنا حصہ کم کر لے اور صوبوں کو اس میں کم از کم (40) چالیس فیصد اپنا حصہ دے دیں اور اس کو تقسیم کر لیں تو اس سے غریب علاقوں کو اور پسماندہ علاقوں کو فائدہ ہوگا، اس وقت جو حکومتی امداد ہے، Subvention ہے جو پسماندگی کی بنیاد پہ ہے وہ بھی قابل توجہ ہے اور گزشتہ 1997 کے NFC ایوارڈ کے تحت اپنی پسماندگی کی وجہ سے صوبہ بلوچستان اور صوبہ سرحد حکومتی امداد کے مستحق تھے اور یہ کوئی سات بلین روپے اس وقت بنتے تھے، لیکن وہ بھی اس انداز سے تقسیم نہیں ہو سکا اور اب تک ہمیں ان مشکلات کا سامنا ہے، اس طرح ضلعی امداد بھی ہے اور ہم چاہتے تھے کہ وہ بھی ایسی بنیاد پہ تقسیم ہو، جس سے غریب علاقوں کو اور پسماندہ علاقوں کو فائدہ ہو، لیکن مرکزی حکومت وہ بھی نہ کر سکی اور اس اسمبلی کے فلور پہ میں یہ مطالبہ کرنا چاہوں گا کہ اپنی اولین فرصت میں مرکز این ایف سی کا اجلاس دوبارہ بلائے اور جتنے بھی مسائل اٹکے اور مسائل پھنس گئے ہیں، جس کی وجہ سے صوبوں کو گونا گوں مشکلات کا سامنا ہے انہی کو حل کر لے، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ صوبہ سرحد، اگر ترقی نہیں کرتا ہے تو پاکستان ترقی نہیں کر سکتا اور، اگر مرکز صوبہ سرحد کے بارے میں کوئی امتیازی پالیسی اختیار بھی کر لیتا ہے تو اس کا نقصان نہ صرف صوبہ سرحد کو ہے، بلکہ پورے پاکستان کو ہے، میں جناب سپیکر! عرض کرنا چاہتا ہوں کہ صوبہ سرحد کو سمندر سے دوری کی وجہ سے ویسے بھی بہت سارے مسائل کا سامنا ہے، اگرچہ اللہ تعالیٰ نے اس خطے کو ایک Rich خطہ قرار دیا ہے، اس میں پانی ہے، اسمیں جنگلات ہیں، اس میں معدنیات ہیں اور اب ثابت ہوا ہے کہ یہاں گیس کے بے انتہا ذخائر موجود ہیں، کاش اگر حکومت پاکستان بروقت ہمارے اس پانی کا استعمال اور جنگلات کے لئے یہاں مقامی طور پر کارخانے اور ہماری معدنیات

کو نکالنے کا انتظام اور خصوصاً ہمارے پاس جو قیمتی پتھر موجود ہیں ان کے لئے کارخانوں کا اہتمام کرلیتی تو صوبہ سرحد کی قوت پاکستان کی قوت ہے اور صوبہ سرحد کی آمدنی میں، اگر اضافہ ہوتا تو اس سے پورے پاکستان کو فائدہ پہنچ جاتا، میں سمجھتا ہوں کہ صوبہ سرحد کا مزدور انتہائی جفاکش ہے اور محنتی ہے اور ان مزدوروں کے پسینے سے کراچی شہر آباد ہوا ہے، ان مزدوروں کے پسینے سے خلیج میں بہت بڑی بڑی بلڈنگز ہمیں نظر آرہی ہیں، یہ ہماری ذمہ داری ہے (تالیاں) کہ اگر حکومت پاکستان اس پسینے کے لئے اور اس قوت کے استعمال کے لئے اور اس صلاحیت کے استعمال کے لئے یہیں منصوبہ بندی بنالیتی مرکزی حکومت تو میں سمجھتا تھا کہ آج پاکستان اور بھی ترقی کر جاتا اور میں اس فلور پر اس بات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں کہ یہ جو بھی علاقوں میں احساس محرومی ہے تو اس احساس محرومی کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کوئی پاکستان کے خلاف ہے، پاکستان کو توڑنا چاہتا ہے، برباد کرنا چاہتا ہے، لیکن جب عوام دیکھتے ہیں کہ حکمرانوں اور عوام کے درمیان معیار زندگی میں فرق ہے اور حکمران عرش پر رہ رہے ہیں جبکہ عوام فرش پر رہتے ہوں تو اس سے احساس محرومی پیدا ہوتا ہے اور گزشتہ دنوں جمالی صاحب تشریف لائے تھے، میں نے ان سے بھی یہی عرض کیا تھا کہ لوگ ڈیرہ اسماعیل خان کے بھی پریشان ہیں اور لوگ پشاور کے بھی پریشان ہیں اور لوگ اسلام آباد کے بھی پریشان ہیں، لیکن جب لوگ دیکھتے ہیں کہ حکمران عوام کی طرح زندگی نہیں گزارتے ہیں اور لوگ دیکھتے ہیں کہ مشرق اور مغرب کا فاصلہ ہے حکمران اور عوام کے درمیان تو اس انداز حکمرانی سے ایک احساس محرومی پیدا ہوتا ہے، چودہ سو سال قبل خلافت کا نظام جو ہمارے لئے آئیڈیل ہے اور ہمارے لئے نمونہ ہے، اس میں لوگ دیکھتے تھے کہ اگر لوگوں کے کپڑے پھٹے اور پرانے ہیں تو انہوں نے امیر المومنین کو دیکھا کہ ان کی قمیص میں بھی بارہ بارہ پیوند نظر آتے تھے، اس سے لوگوں کو احساس ہوتا تھا کہ حکمران ہماری طرح ہیں اور یہ حکمران یہی تھے کہ راتوں کو اٹھ کر، کیونکہ ان کو احساس ہوتا تھا کہ اگر فرات کے دریا کے کنارے کوئی کتا بھی پیاس سے مرے گا تو اس کے بارے میں مجھ سے سوال ہوگا، افسوس یہ ہے کہ چھپن (56) سالوں سے یہاں جو انداز حکمرانی ہے، وہ وہی ہے جو انگریز نے ترکے میں ہمیں چھوڑا تھا اور ہمیں اس پہ ایک شرمندگی سی ہے کہ ہماری گاڑیاں، ہمارے بنگلے، حکمرانوں کا طرز و بود باش اور عوام کے ساتھ رویہ آج بھی وہی ہے، جو انگریز یہاں آئے تھے اور وہ جس طرح غلاموں کے

ساتھ تعلق رکھتے تھے اور دفتر کے باہر ان کو بیٹھا بیٹھا کر انہیں انتظار کرواتے تھے تاکہ ان کی خودی قتل ہو جائے اور وہ احساس کمتری کے شکار ہو جائیں، آج بھی اسی طرح کا ایک ماحول اس پاکستان میں ہے، اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ پاکستان کو بھی اور صوبہ سرحد کو بھی اس انداز حکمرانی میں ایک انقلاب لانا چاہئیے اور، جس فیصلے میں اور وسائل کی تقسیم میں جہاں عوام کی شرکت نہ ہو تو اقبال نے فرمایا تھا کہ :

ے جس کھیت سے دہقان کو میسر نہ ہو روزی

اس کھیت کے ہر خوشہ گندم کو جلا دو

پھر لوگ اٹھتے ہیں اور بغاوت پر آمادہ ہو جاتے ہیں اور میں پاکستان کے عوام سے بھی اور حکمرانوں سے کہتا ہوں کہ، اگر پرامن طریقے سے عوام کو وسائل میں شریک نہیں کیا گیا تو پھر انقلاب کا راستہ کوئی نہیں روک سکتا، (تالیاں) پھر وہاں خونی انقلاب آتا ہے، لیکن ہم چاہتے ہیں کہ اب چونکہ جمہوریت بحال ہو گئی ہے اور گاڑی اپنی پٹڑی پر روانہ ہو چکی ہے تو ایک پرامن اور استدلال کے ذریعے ہر علاقے کے عوام کو اس کا حق دینا چاہئیے اور وسائل میں عوام کو شریک کرنا چاہئیے، میرے محترم جناب سپیکر صاحب! بجلی کا خالص منافع، افسوس یہ ہے کہ آئین میں یہ بات موجود ہے، 1973 کے آئین کے آرٹیکل 161 (2) کے مطابق وفاقی حکومت یا کسی ایسے ادارے کی طرف سے جو وفاقی حکومت نے قائم کیا ہو یا اس کے زیر انتظام ہو۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: سراج الحق صاحب یہ Net profit National Finance Commission پر کل یا پھر آج موقع ملا تو آج سے Debate شروع ہو گی، لیکن کل اس پہ Debate ہے، یہ Annual Development programme، بجٹ اور تعمیر سرحد پروگرام پر بحث ہو چکی ہے تو آپ۔۔۔۔۔

<u>سینئیر وزیر</u>: میں عرض کرنا چاہتا ہوں، بجلی پہ میں خاص طور پر بات کرنا چاہوں گا اور میں شکریہ ادا کرتا ہوں کہ اس پر آپ مجھے دوبارہ موقع دیں گے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی! دوبارہ، دوبارہ۔

<u>وزیر خزانہ</u>: کل بجٹ پر میں نے اپنے معزز اراکین اسمبلی کی جو تقاریر سنی ہیں میں بالکل Fair ہوں، میں Clean ذہین رکھتا ہوں اور برملا اس بات کا اعلان کرتا ہوں کہ میں ہر چیز میں، ہر شخص کو جو اسمبلی میں

عوام نے بھیجا ہے، شریک کرنا چاہتا ہوں (تالیاں) اور کل میں نے اپنے ڈیپارٹمنٹ سے کہا ہے کہ آپ ہر ضلع کے، ہر ڈویژن کے ممبران اسمبلی کو بٹھائیں اور ان سے پوچھیں کہ ان کے علاقے کی ضروریات کیا ہیں؟ ان کی ترجیحات کیا ہیں؟ بجٹ کا مسئلہ ہو یا منصوبہ بندی کا مسئلہ ہو، میں سمجھتا ہوں کہ جتنا میں مخلص ہوں، ایک سینیئر وزیر کی حیثیت سے انشاءاللہ حزب اختلاف کا ہر ممبر بھی اتنا ہی سیریس ہے اور اتنا ہی وہ بھی مخلص ہے، اس لئے کہ یہ کسی ایک پارٹی کا صوبہ نہیں ہے اور نہ کسی فرد واحد کا صوبہ ہے، یہ ہم سب کا ہے اور اس اسمبلی میں 124 ممبران کی یہ موجودگی اس بات کی علامت ہے کہ یہاں ایک کروڑ اور بچھتر لاکھ لوگوں کے نمائندے بیٹھے ہیں، اس لئے سب کو لیکر چلنا چاہتا ہوں، کوئی انفرادی طور پر آکر مجھے مشورہ دے دے، لیکن میں نے ڈیپارٹمنٹ سے بھی کہا ہے پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ والوں سے بھی کہ ایک ایک ضلع کے لوگوں کو بلا کر ان سے پوچھیں، ان کی ترجیحات ان سے پوچھیں اور اس لئے انشاءاللہ جو بجٹ بنے گا اور ترقیاتی کام کا جو نقشہ بنے گا تو روڈ میپ بنے گا، اس میں ہم تمام ممبران اسمبلی کو شریک کریں گے (تالیاں) اور میں سکندر شیرپاؤ صاحب کی کل کی بات سے اتفاق کیا ہے کہ ماضی سے سبق لینا چاہئیے، اس لئے ہم ماضی سے سبق لینا چاہتے ہیں اور اس راستے پر چلنا نہیں چاہتے ہیں، جس کی وجہ سے پرانے حکمران ناکام ہو گئے ہیں، (تالیاں) اور ہم ایک روشن مستقبل کی طرف بڑھنا چاہتے ہیں، اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ ہمارے وسائل کم ہیں اور ہماری چادر جو ہے اس وقت، ویسے بھی یہ جو پٹھانوں کی چادر ہوتی ہے، یہ پرانی ہوتی ہے، لیکن پرانی چادر کے مطابق ہم اپنے پاؤں پھیلانے کی کوشش کریں گے تاکہ ہمارے پاؤں ننگے نہ رہیں، بلکہ بدن کے ہر حصے کو ہماری چادر صحیح طریقے سے ڈھانپ سکیں، میں عرض کرنا چاہتا ہوں، جناب سپیکر صاحب! کہ اگر اسمبلی کے یہ لوگ جتنے بھی یہ موجود ہیں، پرانی روایات سے ہٹ کر اور بالکل ایک جمہوری انداز کو اپنالیں، میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب امریکہ میں الیکشن ہوتا ہے تو ایک منتخب صدر ایک سابق صدر کو چین بھیجتا ہے سفارت کے لئے، لیکن یہاں جب الیکشن ہوتا ہے تو پرانے حکمران کو لوگ جیلوں میں ڈالتے ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ، اگر برطانیہ میں کبھی الیکشن ہوتا ہے تو پہلے اجلاس میں حزب اختلاف کو بٹھا کر شریک مشورہ کیا جاتا ہے، اس سے اس کی وقعت اور عزت میں کوئی کمی نہیں آتی، اگر اپوزیشن کو شریک مشورہ کیا جائے، میں اطمینان دلاتا ہوں اور مجھے اس بات کا بھی

احساس ہے، کالجز میں میں نے پڑھاہے، یونینز میں حصہ لیاہے اور اس نے یونین میں الیکشن جیتا بھی ہے، لیکن پہلے ہی اجلاس میں ہارے ہوئے Candidates کو اپنے ساتھ شریک مشورہ کیااور، جس کی وجہ سے پورا سیشن Smooth طریقے سے چلا ہے، میں اسی پر اختتام کرتا ہوں اس لئے کہ ہمارا آخری Discussion نہیں ہے، کسی شاعر نے کہاہے کہ:

؎ وطن کی ریت ذراایڑھیاں رگڑنے دو

مجھے یقین ہے پانی یہیں سے نکلے گا

اگراخلاص ہو، اگر محبت ہو، جس طرح حضرت اسماعیل علیہ السلام نے ایڑھیاں رگڑیں تواللہ تعالیٰ نے اس سے زم زم پیدا کیاہے، ہم بھی اگر محنت کرلیں اور خلوص کے ساتھ آگے بڑھیں تو یہاں بھی اللہ تعالیٰ ہمیں زم زم سے نوازے گا، جو پوری انسانیت کے لئے کار خیر کاذریعہ ہوگا۔ وآخر دعونا ان الحمد اللہ رب العالمین۔

جناب وجیہہ الزمان خان: محترم جناب سپیکر صاحب! ایک بات میں کر لوں جناب، وضاحت منسٹر صاحب کی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی!

جناب وجیہہ الزمان خان: میں جناب آنریبل منسٹر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں۔۔۔۔۔

جناب وجیہہ الزمان خان: میں ایک تھوڑی سی وضاحت کرلوں سر، اس کے بعد آپ جو چاہیں کرلیں، میں آنریبل منسٹر کی باتوں کی، ان کے جذبات کی بہت قدر کرتاہوں کہ انہوں نے جو باتیں کیں ہمارا بھی یہی نظریہ ہے، ہمارا بھی یہی ذہن ہے، لیکن دو باتوں کی میں تھوڑی سی اور تشریح چاہونگا، انہوں نے کہاکہ جی عوام اور احکام، اس میں یہ ہے کہ ہم جب اسمبلیوں میں آتے ہیں تو ہم As حکام یا حکومت کرنے نہیں آتے، ہم یہاں نمائندوں کی حیثیت سے آتے ہیں ہم MPAs ہوتے ہیں، منسٹرز ہوتے ہیں، چیف منسٹرز ہوتے ہیں، صرف ایک ذمہ داری کا فرق ہے، اصل جو حاکم ہونے چاہییں وہ عوام ہونے چاہییں نہ کہ ہم لوگ ہونے چاہییں، فرسٹ پوائنٹ، سیکنڈ انہوں نے بڑی اچھی بات کی کہ جب کوئی جیتتاہے تو سب سے

پہلے اسے اپوزیشن کو اعتماد میں لینا چاہئیے، لیکن مجھے بڑے دکھ کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج چھ سات مہینے ہو چلے ہیں، وزیر اعلیٰ صاحب نے کبھی ہمیں بلا کے کے کوئی میٹنگ نہیں کی، کبھی اعتماد میں نہیں لیا اور اگر اعتماد میں لیتے تو شاید آج اتنی بے چینیاں سامنے نہ آتیں، (تالیاں) لیکن سراج الحق صاحب نے جو باتیں کیں میں ان کا بڑا مشکور ہوں اور انہی سے امید بھی رکھتا ہوں کہ یہ جو کہہ رہے ہیں، انشاءاللہ، انہوں نے پہلے بھی ماضی میں بھی جو کہا ہے، اس پر عمل کیا ہے، آج بھی ہم ان سے امید کرتے ہیں کہ یہ ان باتوں کو عملی جامہ پہنائیں گے، Thank you sir.

Mr. Speaker: The house is adjourned for tea break.

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی چائے کے لئے ملتوی ہوگئی)

(وقفے کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

شہزادہ محمد گستاسپ خان: سر! کورم پورا نہیں ہے۔

نیٹ ہائیڈل پرافٹ پر بحث

Mr. Speaker: Mr. Abdul Akbar Khan MPA, to please start his discussion on Net profit.

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو ویری مچ، جناب سپیکر! یہ بہت اچھی بات ہے کہ ہم آج صرف Net profit پر یہاں پر Speech کریں گے اور آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے اس پر بولنے کا موقع دیا، جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ صوبہ سرحد کے جتنے بھی مسائل ہیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس سے پہلے کہ آپ سٹارٹ لے لیں، جھگڑا صاحب پر رحم کریں ان پر رحم کرلیں۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں جی، جھگڑا تو، وہ بیٹھتا نہیں۔

جناب افتخار احمد خان جھگڑا: جناب سپیکر صاحب! آپ کا مشکور ہوں، لیکن وہ بہت تکلیف میں پھر بیٹھے ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: اچھا جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ یہ صوبے کا انتہائی اہم اور Crucial issue ہے، بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب ایشوز سے زیادہ اہم ایشو ہے اور اس پر ہمارے صوبے کے مستقبل کا دارو مدار ہے، میں پریس کے بھائیوں سے بھی درخواست کروں گا کہ وہ اس ایشو کو جتنا بھی High light کر

سکیں اس کو High light کر لیں، کیونکہ جناب سپیکر، ہم نے گزشتہ کئی اسمبلیوں میں اس طرح کی قرار دادیں اس کے متعلق پاس کیں، لیکن اس کا کوئی نتیجہ بر آمد نہیں ہوا، ہم یہاں پر متفقہ قرار داد پاس کر لیتے ہیں، لیکن نتیجہ اس سے کوئی بر آمد نہیں ہوتا،اس کے لئے ابھی ہمیں کوئی ٹھوس منصوبہ بندی اور ٹھوس قدم اٹھانا پڑے گا اور اسی وجہ سے اپوزیشن میں رہتے ہوئے ہم نے اس کو ایجنڈے میں شامل کیا، کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ یہ اس صوبے کا سب سے اہم مسئلہ ہے اور اگر پہلے ہمیں چھ ارب روپے ملتے تھے تو ریونیو بجٹ سے چار، پانچ ارب روپے ہم ADP میں یا اس چار، یا پانچ ارب روپے کی ADP بن سکتی تھی، لیکن جناب سپیکر، جیسے جیسے وقت گزرتا جا رہا ہے، جیسے جیسے آبادی بڑھتی جا رہی ہے، آپ کا ریونیو بجٹ اوپر تک جا رہا ہے اور آپ کی Shrink ADP ہوتی جا رہی ہے، یعنی کم ہوتی جا رہی ہے اور وہ وقت زیادہ دور نہیں ہے، جناب سپیکر! اگر حالات یہی رہے تو میں سمجھتا ہوں کہ آئندہ تین چار سالوں میں، اگر یہی حالات رہے تو آپ کے صوبے کے ساتھ Developmental side پر ایک پیسہ بھی نہیں رہے گا اور پھر اس کے بعد، پانچ سال یا دس سال بعد، میں تو سمجھتا ہوں کہ پھر آپ کے پاس تنخواہوں کے بھی پیسے نہیں ہوں گے، کیونکہ آپ ریونیو بجٹ اتنا Increase کرتا جائیگا، کیونکہ آبادی آپ کی بڑھتی جائے گی، ریونیو بجٹ Increase کرتا جائے گا اور Resources آپ کے پاس ہونگے نہیں تو آپ پیسہ کدھر سے لائیں گے؟ یہی ہم کہہ رہے ہیں کہ جی ہمارا یہ حق ہے، ہمارا یہ قانونی آئینی حق ہے جو ہمیں نہیں دیا جا رہا ہے، جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ آرٹیکل (2) 161 کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔

161 (2) "The net profit earned by the Federal Government, or any undertaking established or administered by the Federal Government from the bulk generation of power at a hydro-electric station shall be paid to the province in which the hydro-electric station is situated".

جناب سپیکر! پھر اس میں انہوں نے Explanation بھی دی ہے کہ

"For The purposes of this clause 'Net profits' shall be computed by deducting from the revenues accruing from the bulk supply of power from the bus-bars of a hydro-electric station at a rate…..

(Interruption)

Mr. Speaker: 162, 162?

جناب عبدالاکبر خان: نہ جی، Article 161, sub Article (2)

Mr. Speaker: 161, Sub Article (2).

جناب عبدالاکبر خان: یہ آپ رولز دیکھ رہے ہیں؟

جناب سپیکر: نہیں یہ Constitution ہے، Constitution، قاضی صاحب!

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! آپ ذرا ان الفاظ کو دیکھیں۔

''At a rate to be determined by the Council of Common Interest. The operating expenses of the station, which shall include any sums payable as taxes, duties, interest or return on investment, and depreciation, and element of obsolescence, and over heads, and provision for reserves".

جناب سپیکر! یہ تو آئین نے ہمیں اختیار دیا ہے ہمارے صوبے کا، کہ جس صوبے میں ہائیڈرو الیکٹرک سٹیشن Situate کرے گا وہاں پر Bus-bars سے یعنی جہاں پر سٹیشن ہو گا اور جہاں پر بھی بجلی بنے گی، وہ بجلی Count ہو گی، اگر یہ 47% Losses لاتے ہیں یا 30% Losses لاتے ہیں، اس سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہو گا، یعنی جتنی بھی بجلی بنے گی، جتنی بھی بجلی بنے گی، جس پر اس کا جتنا خرچہ آئے گا، اسی خرچے کو Deduct کر کے باقی صوبے کو دیا جائیگا اور یہ Council of Common Interests decide کرے گی، اب جناب سپیکر! میں آرٹیکل 154 کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔

The Council of Common Interest. Article, 154 (1). The Council shall formulate and regulate policies in relation to matters in part (ii) of the Federal legislative list and, in so far as it is in relation to the affairs of the Federation, the matter in entry 34 electricity, in the concurrent legislative list and shall exercise supervision and control over related institution".

Specifically mention ہے کہ الیکٹرسٹی کے متعلق جو بھی 161 میں ہے، یہ فیصلہ کون کریگا؟ Council of Common Interests یہ فیصلہ کرے گی کہ کتنا اس کا حصہ بنتا ہے، صوبے کا حصہ بنتا ہے، جناب سپیکر! اسی Council of Common Interests نے ایک شخص کو جس کا نام تھا اے جی این قاضی، اے جی این قاضی کو یہ ٹاسک سونپا اور میں یہاں پر تھوڑی سی اس کے Credibility کے متعلق بھی بتانا چاہتا ہوں، جناب سپیکر، کہ اے جی این قاضی اس ملک کا چیئرمین پلاننگ کمیشن،

سیکرٹری جنرل جو صرف دو اشخاص گزرے ہیں، اس سارے پاکستان میں ایک غلام اسحاق خان اور ایک اے جی این قاضی، سٹیٹ بینک کا گورنر رہ چکا ہے اور بھی کافی اعلیٰ عہدوں پر رہ چکا ہے، آج بھی اس کی یہ حالت ہے کہ وہ ہاتھ میں تھیلا پکڑ کر سبزی خرید رہا ہے، اس اے جی این قاضی کو حکومت نے کہا کہ اس چیز کی Determination کریں کہ کتنا پیسہ اس صوبے کو دیا جائے گا؟ جناب سپیکر! میرے خیال میں اے جی این قاضی کا فارمولا کسی کے پاس نہیں ہوگا، لیکن میں نے کہیں سے یہ پیدا کیا ہے، جناب سپیکر! یہ اے جی این قاضی، انہوں نے فارمولا دیا ہے جناب سپیکر! اور یہ بات بھی یاد رکھیں کہ This is a net profit. It is not royalty یہ رائلٹی نہیں ہے، یہ نیٹ پرافٹ ہے اور جو بعض لوگ ہمارے ساتھی کہتے ہیں کہ جی 10% اے جی این قاضی نے کہا کہ 10 % بڑھے گا، نہیں نہیں، ایسی کوئی بات نہیں ہے، اس نے تو ایک Straight, simple formula دیا کہ اس فارمولے کے حساب سے آپ اپنا حساب کتاب کریں گے، کیا فارمولا ہے جناب سپیکر؟ اس نے یہ کہا ہے کہ یہ سارا تو میں خیر نہیں پڑھنا چاہتا، لیکن اس نے کہا کہ جو بھی ہائیڈرل جنریشن پر خرچہ ہوگا، جو بھی ہائیڈرل جنریشن پر خرچہ ہوگا، وہ Distribution cost، ٹرانسمیشن کی Cost اور جو بجلی کا ریٹ ہے، اس سے وہ کاٹا جائے گا اور Per unit جتنا پیسہ آئے گا، اس سے جو سارا ہائیڈرل پاور پھر جو بجلی پیدا کریں گے، اس سے Multiply کیا جائے گا، مثال کے طور پر Cost of transmission per unit، 7.33 پیسہ، یہ 85-1984 کی بات کر رہا ہوں، یہ ان کا ہے 85-1984 اس وقت جناب 7 پیسے Transmission cost تھی اور 11 پیسے Distribution تھی اور ساری جو Cost تھی، اس کی اس وقت بجلی کی قیمت جناب سپیکر، 49 پیسے تھی، یہ لکھا ہے، اس وقت بجلی کی قیمت 49 پیسے تھی جناب سپیکر، یہ جو خرچے ہیں یہ نکال کر 29.97 یعنی 30 پیسے فی یونٹ، 49 پیسے قیمت تھی اور اس نے Established کیا کہ 30 پیسے یونٹ کے حساب سے اس وقت 85-1984 کی میں بات کر رہا ہوں کہ یہ Per unit جتنا بھی ہمارے سٹیشن تربیلا، ورسک، جبن جتنی بھی بجلی پیدا کریں گے، آپ اس کو 30 پیسے سے Multiply کریں گے، اس حساب سے جس طرح ریٹ بڑھتا جائے گا، جس طرح بجلی کی قیمت بڑھتی جائے گی، خرچہ اس سے کاٹ کر اس سے Per unit cost نکال کر، اس نے Simple formula دیدیا، اب جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ ایک

رپورٹ کی طرف دلانا چاہتا ہوں جو میری نہیں ہے، جو اس صوبے کی بنی ہوئی نہیں ہے جو کہ واپڈا کی اپنی بنائی ہوئی رپورٹ ہے، میرے پاس دو رپورٹس ہیں جناب سپیکر، یہ 96-1995 کی واپڈا کی اپنی رپورٹ ہے یہ انکی بیلنس شیٹ ہے خواہ انہوں نے غلطی کی ہو، ظلم کیا ہو، زیادتی کی ہو، لیکن یہ کم از کم انکی ایڈمشن ہے، اس میں لکھا ہے جی کہ Total electricity sale 77.65 Billion rupees یعنی اس سال 96-1995 میں ستتر ارب پینسٹھ کروڑ روپے کی بجلی فروخت کی گئی، ٹھیک ہے، اس میں پھر cost نکالا کہ ہائیڈل جنریشن پر کتنا خرچہ آیا؟ ساٹھ کروڑ روپے، پھر ٹرانسمیشن اور گرڈ پر اس کا کتنا خرچہ آیا، ایک ارب نوے کروڑ پھر Distribution پر کتنا خرچہ آیا، یہ تقریباً چار ارب اور اسی کروڑ، یہ سارا جناب سپیکر، چھ ارب روپے، Something بن جاتا ہے، اب جناب سپیکر، واپڈا کی اپنی ہی رپورٹ کے مطابق، وہ کہتے ہیں، Terbela power station collectively contributed 14822 M.W Kilo watt per hour which was about 31 percent of the total generation of WAPDA. Meaning by ستتر ارب روپے جو ان کا ہوا ہے اور اس میں پانچ چھ ارب روپے جو Cost نکال کر جو 72 ارب روپے باقی رہ جاتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ، Terbela power station collectively contributed 31 percent of total یعنی % 31 تو یہ تربیلا کا ہو گیا، پھر آپ کے پاس ورسک ہائیڈل پاور ہے، پھر آپ کے پاس جبن ہے، پھر آپ کے پاس درگئی ہے، کرم گڑھی ہے، جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ یہ % 34 بن جاتا ہے کہ % 3 وہ ڈال کر یہ % 34، تو جناب سپیکر، میں نے اس کی کچھ Calculation کی ہے اور کافی کام کیا ہے اس پر، میں اس کو آنریبل ممبرز کی خدمت میں پیش کرتا ہوں، یہ جناب سپیکر، تقریباً چھبیس بلین 96-1995 کے انکی اپنی بیلنس شیٹ کی رپورٹ کے مطابق چھبیس بلین ہمارے صوبے کا حصہ بنتا ہے، ان کی رپورٹ کے مطابق، ہماری نہیں، اگر ہم حساب کتاب کرینگے تو پھر یہ چونتیس پینتیس، کیونکہ میں نے جو حساب لگایا ہے جناب سپیکر، کہ پانچ سال، 97-1996 سے لیکر پانچ سال تک تہتر بلین یونٹس اور وہ بھی واپڈا کی رپورٹس کے مطابق، یہ جی ان کی رپورٹ کے مطابق پانچ سالوں کا میں نے حساب کیا کہ تہتر بلین یونٹس صرف تربیلا نے پیدا کئے اور آپ، اگر چھ سات بلین باقی جو سٹیشنز ہیں ان کا لگائیں تو Billons 80 تو، اگر آپ پانچ پر تقسیم کریں تو Sixteen Billion units per year جناب سپیکر! اب سولہ ارب یونٹس آپ بجلی پیدا کر رہے

ہیں اور آپ کو ملتا ہے چھ ارب روپے، یہ تو تیس پیسے Per unit سے بھی کم ہے، آپ ایک روپے تو چھوڑیں، اگر ایک روپے بھی ملتا تو سولہ ارب روپے ملتے، لیکن میں نے انکی بیلنس شیٹ سے جناب سپیکر، یہ نکالا ہے کہ آپ کا حصہ انکے حساب سے چھبیس بلین بنتا ہے تو جناب سپیکر، آپ خود سوچیں کہ ہم کدھر جائیں؟ وزیر صاحب نے تو تقریر کر دی، آپ یقین کریں مجھے تو افق پر تاریکی ہی تاریکی نظر آرہی ہے، اگر اس چیز کا ہم نے کوئی حل نہیں نکالا جناب سپیکر تو کیسے کریں گے، کونسا Infrastructure ہے آپ کے پاس، جس سے آپ Revenue generate کر سکتے ہیں؟ پنجاب اور سندھ کو جب Indus basin treaty جو 1960 میں ہوئی اور راوی، ستلج اور بیاس دیئے گئے ہندوستان کو، جو جناب سپیکر کتنے کینالز انکے لئے نکالی گئیں کتنے سائفن بنائے گئے، تقریباً چودہ پندرہ سکیمیں انکے لئے کی گئیں اور آج بھی نوے لاکھ ایکٹر زمین دوسرے صوبوں کی سیراب ہو رہی ہے تربیلا ڈیم کی وجہ سے، ڈیم بنا ہے ہمارے بھائیوں کی اور بزرگوں کی ہڈیوں پر، (تالیاں) لیکن نوے لاکھ ایکٹر زمین پنجاب اور سندھ کی سیراب کر رہا ہے جناب سپیکر، اور اگر آپ دو ہزار روپے فی ایکٹر بھی انکم لگائیں تو اٹھارہ ارب روپے وہ لے رہے ہیں اور پھر ظلم یہ ہو رہا ہے جناب سپیکر، کہ پچھلا سال آپ لے لیں میں یہ پھر کہتا ہوں کہ یہ میں نہیں کہہ رہا یہ ان کی رپورٹ کہتی ہے، آپ دیکھیں جی تربیلا پاور سٹیشن، وہ کہتے ہیں کہ، میں جلدی جلدی ختم کرتا ہوں کہ It produce 5.45 % more than last year generation یعنی تربیلا نے 5.45، چلیں ساڑھے پانچ کر لیں، ساڑھے پانچ فیصد Electricity پچھلے سال سے زیادہ generate کی، لیکن جناب سپیکر! جب آپ منگلا پر آتے ہیں جو ہمارا نہیں ہے، وہاں پر وہ کہتے ہیں 21.39 % more than last year generation یہ کیا؟ بارشیں اگر پاکستان میں نہیں ہوئیں، بلکہ یہاں اگر نہیں ہوئیں تو پنجاب میں بھی تو نہیں ہوئیں، پانی اگر کم تھا تو اس میں بھی کم تھا اور اس میں بھی کم تھا، ادھر کیوں 21% پچھلے سال سے زیادہ Generation ہو رہی ہے اور آپ کی پانچ پرسنٹ زیادہ ہو رہی ہے؟ اس کا مطلب یہ ہے کہ جنریشن، اگر آپ کی کم ہو گی تو آپ Claim بھی کم کرینگے، کیونکہ جنریشن پر بھی آپ کا Claim ہے (مداخلت) نہیں میرا مطلب پانی، میں Electricity کی بات کر رہا ہوں، میں الیکٹرسٹی کی بات کر رہا ہوں کہ ان کا 21% کیوں زیادہ ہو رہا ہے؟ وہ اس لئے میں بتا دوں جناب سپیکر، یہ تو

میں نہیں بتاناچاہتا تھا، مگر آپ نے مجبور کر دیا تو میں بتاتا ہوں، بعض چیزیں، بلکہ بہت سی چیزوں کے بارے میں ہم اس فلور پر نہیں بولنا چاہتے، جناب سپیکر! اس اس لئے کہ وہ پنجاب کو پانی دینا چاہتے تھے خشک سالی میں، ان کی زمینوں کو خراب نہیں کرنا چاہتے تھے تو انہوں نے وہ Spell way جہاں پر Electrify نہیں ہوتی ادھر انہوں نے زیادہ پانی چھوڑ دیا اور آپ کی جنریشن اس سے کم ہو گئی، یہی میں کہہ رہا ہوں کہ وہ بھی چھوڑیں جناب سپیکر، لیکن آپ کا تربیلا تو Silt up ہو رہا ہے، اسکی تو لائف کم ہوتی جا رہی ہے، آپ مجھے بتائیں آج جو آپ کو چھ ارب روپے مل رہے ہیں، اگر دس پندرہ بیس سال کے بعد اسکی Silt up جب زیادہ ہو گی تو Naturally جنریشن اسکی کم ہو گی، جب آج آپ چھ ارب روپے پر گزارہ نہیں کر سکتے، اس لئے آپ چیخ رہے ہیں کہ یہ کم ہیں اور ہم سب کہتے ہیں کہ یہ کم ہیں تو پھر جب دس پندرہ سال کے بعد یہ جنریشن اور کم ہو جائیگی تو پھر کیا ہو گا؟ جناب سپیکر! ہم کدھر جائیں؟ ہماری آئندہ نسلیں کدھر جائیں گی؟ میں تو حیران ہوں، میں جو دیکھ رہا ہوں کہ ہماری تو لاکھوں ایکڑ زمینیں Southern Districts میں اس طرح پڑی ہوئی ہیں، جنکو پانی نہیں مل رہا (مداخلت) نہیں میرے خیال میں This is not a joke. This is a serious matter and یہ تو ہوا ہی اس لئے ہے کہ کوئی Concrete step نہیں لیا گیا، اس لئے ہمیں صرف وہ چھ ارب روپے مل رہے ہیں، جناب سپیکر! 1990 کی دہائی میں بھی چھ ارب تھے، 2000 میں بھی چھ ارب ہیں، ہماری تو کوئی رائلٹی کی بات نہیں ہے کہ ہماری فکس رائلٹی ہے کہ اس حساب سے ملے گی، ہمارا تو Net profit ہے، جب آپ جتنا زیادہ جنریشن کرینگے تو اتنے ہی زیادہ آپ کو پیسے ملتے جائینگے، جناب سپیکر! میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہم نے اپوزیشن نے جو یہ Topic اس اپنے ایجنڈے میں شامل کیا ہے تو ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہمیں اس صوبے کا مفاد عزیز ہے، ہم اس کو نہیں دیکھتے کہ ہم اپوزیشن کے ہیں یا گورنمنٹ کے ہیں، ہم صرف یہ دیکھتے ہیں کہ اس صوبے کے مفاد کے لئے، اس صوبے کے عوام کے مفاد کے لئے (تالیاں) ہم جو کچھ ہو سکتا ہے اور میں پھر یہ بتا دوں کہ اب صرف اور صرف عام سی قرار دادوں پر یہ کام نہیں ہو گا، عام سی، نارمل سی قرار داد پر یہ کام نہیں ہو گا، کیونکہ اس سے پہلے بھی آپ اور یہ اسمبلی قرار دادیں پاس کرتی آ رہی ہے، کوئی ٹھوس حکمت عملی بنانی پڑے گی، کوئی ٹھوس پلاننگ کرنی پڑے گی، یہ اپنا حق لینا پڑے گا، اگر ہم اسمبلی کی قرار دادوں سے یہ نہیں لے سکے

تو اگر عدالت میں جانا پڑا تو جائیں گے، اپنے ایم این ایز اور سینیٹرز کو کہیں گے کہ وہ وہاں پر اس کو Agitate کریں، لیکن خدا کے لئے اگر یہ حق آپ کو نہیں ملا اور دس پندرہ سال کے بعد جب تربیلا کی لائف کم ہوتی جائے گی اور آپ کے حصے کا پیسہ کم آئے گا تو کدھر سے آئیں گے؟ جب Nineties میں یہ آئے جناب سپیکر، چھ بلین روپے تو اس وقت آپ کی اے ڈی پی پانچ ارب تھی، لیکن آج آپ اس میں اپنے پرائیویٹ سیکٹر سے بھی اپنے Revenue expenditure کے لئے لے رہے ہیں اور میرے خیال میں دو، تین ارب روپے یا چار، Actual جو ہے، میں Fictitious اور Books کی بات نہیں کر رہا ہوں جو Actual ہے میرے خیال میں دو، تین ارب سے زیادہ آپ کی اے ڈی پی نہیں ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کی اے ڈی پی Slash ہوتی جا رہی ہے، آبادی آپ کی بڑھ رہی ہے اور Developmental side آپ کا کم ہوتا جا رہا ہے، پھر پانچ دس سال کے بعد جب آپ کا Revenue budget مزید بڑھے گا پھر آپ کے پاس نہ روڈز بنانے کے پیسے ہونگے، نہ سکولوں کے لئے پیسے ہونگے، نہ ہسپتالوں کے لئے پیسے ہونگے، نہ پانی کے لئے پیسے ہونگے، نہ ایگریکلچر کے لئے پیسے ہونگے، پھر کسی کے لئے بھی آپ کے پاس پیسے نہیں ہونگے، اس لئے جناب سپیکر، میری درخواست ہے حکومت سے بھی اور ہم نے تو اس کو شامل ہی اس لئے کیا ہے کہ ہم اس پر ایک ایسی متفقہ قرارداد لائیں کہ اس سے ہم مرکزی حکومت کو مجبور کر سکیں کہ وہ ہمیں اپنا قانونی اور آئینی حق اچھے طریقے سے دے ورنہ پھر ہمیں ٹیڑھی انگلی سے اپنا حق لینا پڑے گا، Thank you very much janab Speaker۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: انور کمال خان صاحب۔

مولانا محمد مجاہد خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: انور کمال خان صاحب۔

مولانا محمد مجاہد خان الحسینی: میں عبدالاکبر خان صاحب سے کہہ رہا ہوں کہ آپ نے بہت کمزور پوزیشن اختیار کر لی ہے، اس کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ ہم سب مل کر اسلام آباد کا گھیراؤ کر لیں۔۔۔

جناب عبدالماجد خان: جناب عالی، یوه خبره پاتے ده، په دې تقرير کښې يو خبره پاتے شوه۔

جناب سپیکر: تاسو به ئے پورا کړئ بیا، تاسو به ئے پورا کړئ بیا روستو۔

جناب عبدالماجد خان: زۀ پکښې دا خبره کوم ملاکنډ، درګئ، کرم ګړهی، ورسک، دا د دې صوبے په خرچې باندې شوې دی، دا په مرکزی خرچې باندې لکه د تربیلے په شان نه دی شوې، دا ځلور ډیمونه چې کوم دی، دا سالم په سالم آمدن د دې صوبے حق دے، ما په دې باندې یو قرارداد هم پیش کړے دے، زما په دې باندې کوئسچن هم شته، هغه خو روستو راځی، لیکن بهرحال دا ټول د صوبے په خرچې باندې دا ځلور ډیمونه جوړ شوې دی، دا د دې صوبے ځان له حق دے۔

جناب عبدالاکبر خان: زما د ماجد خان سره اتفاق دے، ما دا خبره کوله خو خیر زما نه هیره شوله، دا په 1938 کښې د جبن درګئ والا چې دے چالیس لاکھ د دې صوبے د بجټ نه، ترالیس لاکھ دی زما په خیال Total estimated cost، یو کال بائیس لاکھ او بل کال اکیس لاکھ روپئ هغه ورکړی وی او د صوبے په پیسو دا ډیم جوړ شوې دے۔

جناب سپیکر: انور کمال خان۔

جناب انور کمال خان: جناب سپیکر! میں آپ کا مشکور ہوں آپ نے Net profits پر مجھے موقع دیا اور میرے محترم بھائی عبدالاکبر خان نے بڑی تفصیل سے Net profits کا ذکر کیا، میں اتنا ہی ذکر کرونگا کہ، جس وقت بجٹ بنتا ہے تو بجٹ میں، جیسے میں نے بھی عرض کیا کہ آپ کا بجٹ جو ہے، وہ Depend کرتا ہے آپ کے Provincial receipts پر جو کہ آپ کی صوبائی آمدنی ہے، بجٹ آپ کا Depend کرتا ہے آپکے Federal divisible pool کے ان پیسوں پر، بجٹ آپ کا Depend کرتا ہے آپ کے Net profits پر اور بجٹ آپ کا Depend کرتا ہے آپ کے جنرل سیلز ٹیکس پر، اب آپ کے پاس یہ تمام ذرائع جو ہیں، Sources ہیں جو آپ کے بجٹ کے ہیں، اس میں آپ کے Provincial receipts جتنے بھی ہیں، وہ اس بجٹ کے حجم کے خالی %10 آپ کے Provincial receipts ہیں، یہ %90 بجٹ کا پیسہ جو آپ کو ملتا ہے وہ آپ کو یا Federal divisible pool سے ملتا اور یا وہ آپ کے Net profits ہوتے ہیں، اس لئے اس چیز پر ہم زیادہ زور دیتے ہیں کہ Net profits کے لئے

جیسے کہ عبدالاکبر خان نے جتنازور دیا، آپ کا تمام بجٹ جو آپ کے لئے سال بھر کا بنتا ہے، اس کا تمام دارو مدار آپ کے اسی ایک وسائل آپ کے Net profits پر منحصر ہوتا ہے، آپ جس وقت بجٹ بناتے ہیں تو آپ کو اس چیز کا علم ہو گا کہ بجٹ میں اس وقت جو کہ آپ کے Net profitsآپ کو Actually, ground realityپر جو پیسہ آپ کو ملتا ہے وہ 6ارب روپیہ آپ کو ملتا ہے اور میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ 1993 میں جیسے انہوں نے فرمایا کہ اے.جی این قاضی فارمولے کے تحت چھ ارب روپے کا تخمینہ لگایا گیا تھا اور اس کے ساتھ اے.جی این قاضی فارمولے میں یہ بھی درج تھا اور یہ بھی طے تھا کہ ہر سال، چونکہ Inflation بڑھتی ہے اور مہنگائی بڑھتی ہے تو اس میں ہر سال آپ کے اس Net profitمیں دس فی صد کا اضافہ ہو گا، آپ دیکھ رہے ہیں کہ 1993 سے لیکر آج 2003 تک دس سال کا عرصہ گزر چکا ہے، اس میں ایک پیسے، ایک دھیلے کا بھی فرق نہیں آیا، نہ دس فیصد کی increaseکی گئی ہے اور آپ کی Escalationاور نہ آپ کی Inflationکو دیکھا گیا ہے تو جو آپ کا بجٹ جو کہ، جس وقت بنتا ہے یہ ہمارے صوبے کا ایک Claimساری عمر سے رہا ہے اور انہی چیزوں کو مد نظر رکھتے ہوئے کہ، جس وقت بجٹ میں پیسے Reflectہوتے ہیں تو Net profitsکی مد میں آپ کی صوبائی حکومت جو پیسے Reflect کرتی ہے، وہ پندرہ ارب روپے Reflectہوتے ہیں، میرے خیال میں آپ کے وزیر خزانہ صاحب اس کی تائید کریں گے کہ Actually ground realityیہ ہوتی ہے کہ آپ کو چھ ارب روپے حقیقتاً ملتے ہیں، لیکن چونکہ آپ اپنے Claimسے ہٹنا نہیں چاہتے، جیسے کہ ہم نے کشمیر کو اپنا Claimبنایا ہوا ہے، چاہے جو کچھ بھی ہو، لیکن پچاس سال سے ہم اپنے Claimکو نہیں چھوڑ رہے ہیں، اس طریقے سے بعینیہ اسی طریقے سے آپکے صوبے کا یہ Claimہے کہ دس سال کے عرصے میں آپ کا Net profitجو ہے وہ چھ ارب روپے سے بڑھ کر، گو کہ یہ بھی ہم سمجھتے ہیں کہ یہ پندرہ ارب روپے جو کہ تخمینہ لگایا گیا ہے یا جس کو Reflectکیا جارہا ہے، یہ وہ Actual amountنہیں ہے جو کہ ہمارے صوبے کا حق بنتا ہے، لیکن پھر بھی آپ اس کو ایک Minimum levelپر اگر آپ لے لیں اور پندرہ ارب روپے آپ اس کو Reflect کر رہے ہیں تو آپ کے بجٹ میں ایک In built short fallہو جاتی ہے، یعنی یہ ایک کمی اس بجٹ میں واقع ہو جاتی ہے، جس کو آپ نے ہر صورت میں قبول کرنا ہوتا ہے، یہ کمی کتنی رہ گئی ہے، آپ

کو Actual چھ ارب روپے ملتے ہیں، آپ بجٹ جب بناتے ہیں تو اس کو پندرہ ارب پر Reflect کرتے ہیں تو اس لحاظ سے آپ کے بجٹ میں نو ارب روپے کی کمی واقع ہو جاتی ہے، اب یہ نو ارب روپے آپ اپنے تمام وسائل Actually آپ کے پاس ہوتے نہیں ہیں، یہ نو ارب روپے آپ مختلف شعبوں میں تقسیم کر جاتے ہیں تو میرے خیال میں اس میں تو سوچنے کی گنجائش ہی نہیں ہے کہ، جس جس مد میں یہ پیسے نو ارب روپے کی کمی آتی ہے تو وہ سات لاکھ روپے فلم والی بات ہے کہ آپ پیسے دیکھ سکتے ہیں، اس کو استعمال نہیں کر سکتے، گن سکتے ہیں، لیکن ان کو بروئے کار لا نہیں سکتے، یہ پیسہ Actually آپ کے بجٹ میں ہوتا نہیں ہے، لیکن آپ اس کو پندرہ ارب روپے Reflect کرتے ہیں تو چاہئیے یہ کہ اب تو ہمیں کل پرسوں ترسوں ایک سال کے بعد، دو سال کے بعد جب آپ کا یہی Claim رہے گا، آپ کا Actual پیسہ جو ہے وہ چھ ارب روپے پر Freeze ہو چکا ہے، Cap ہو چکا ہے، اس میں فرق نہیں آرہا ہے، لیکن آپ کا Claim جو ہے، وہ ہر سال دس فیصد کے حساب سے بڑھتا جائے گا تو ایک وقت ایسے آئے گا کہ آپ اس کو پندرہ ارب کی جگہ بیس ارب Reflect کریں گے، بیس ارب جب آپ Reflect کریں گے تو آپ اپنے آپ کو کتنے عرصے تک دھوکے میں رکھیں گے؟ چھ ارب روپے آپ کو ملیں گے، بیس ارب روپے آپ Reflect کریں گے، آپ کا شارٹ فال جو ہے وہ چودہ ارب آجائے گا، یہ Liabilities آپ کی سال بہ سال بڑھتی جائے گی اور جیسے جیسے آپ کی یہ Liabilities بڑھتی جائے گی، اسی طریقے سے آپ کی Developmental activities پہ اس کا برا اثر پڑے گا اور ایک وقت ایسا آئے گا، آج بھی میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ آپ کے صوبے میں آپ کا ریونیو سرپلس جو آپ کے پاس رہ جاتا ہے، جو پیسہ آپ کی تنخواہوں کی مد میں چلا جاتا ہے، جو پیسہ آپ کے War on terror کی مد میں چلا جاتا ہے، جو پیسہ آپ کی سرکاری گاڑیوں پہ چلا جاتا ہے، وہ پیسہ جو آپ کے میڈیکل، ٹی اے ڈی اے، ان کھاتوں میں چلا جاتا ہے، جو پیسہ آپ کے پاس بقایا رہ جاتا ہے وہ آپ کی Developmental activities میں باقی رہ جاتا ہے تو آپ ذرا حساب کو لگائیں، آپ اس کا تو پتہ کریں کہ آپ کا ریونیو بجٹ کتنا ہے اور آپ کا Developmental budget کتنا ہے؟ ایک زمانہ ایسا تھا کہ آپ کا ریونیو اور ڈویلپمنٹل سائیڈ پہ 60% اور 40% کا فرق تھا، آج ایسا وقت بھی آگیا ہے اور میں وثوق سے یہ کہہ سکتا ہوں کہ آپ کے

پاس ڈیولپمنٹل سائیڈ پر 10% پیسہ بھی نہیں رہا، آپ اس 10% پیسے پر تمام صوبے کو چلا رہے ہیں، میں نے پہلے بھی آپ سے عرض کیا تھا، بجٹ پر تقریر کرتے وقت بھی میں نے آپ سے عرض کیا تھا، آج ہمارے وزیر خزانہ صاحب نے بھی اس طرف اشارہ کیا کہ آپ کے بجٹ سے 62% پیسہ جو ہے، وہ مرکزی حکومت خالی دفاع اور آپ کی Debt servicing میں قرضوں میں آپ سے لے لیتے ہیں، 37% پیسہ آپ کے پاس بچ جاتا ہے، جس میں انہوں نے Subvention کا ذکر کیا، Subvention آپ کس کو کہتے ہیں؟ Subvention آپ اس کو کہتے ہیں کہ یہ آج سے پندرہ سال پہلے، دس سال پہلے جس وقت افغانستان کی لڑائی، جب افغانستان پر روس نے حملہ کیا تو جب افغان ریفیوجیز آئے اور آپ کے صوبہ سرحد میں آئے اور پچیس لاکھ افغان ریفیوجیز یہاں پر آئے، اسی طریقے سے لاکھوں کی تعداد میں افغان ریفیوجیز بلوچستان میں گئے، آپ کی انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچا تو مرکز نے آپ کے صوبے کی وساطت سے یہ مطالبہ کیا کہ ان لوگوں کی آمد سے ہمارے انفراسٹرکچر کو نقصان پہنچ رہا ہے، لہٰذا ان پیسوں سے 5% لیا وہ Subvention جو تھا، جسے ہم دوسرے الفاظ میں Edge کہتے ہیں یا پشتو میں "چونگہ" کہتے ہیں، "چونگہ" جسے آپ بجٹ کے باقی کھاتوں سے ہٹا کر ایک پیسہ سرپلس ہمیں دے دیتے ہیں، تو 5% وہ پیسہ بلوچستان کو سرپلس ملا کرتا تھا، 5% وہ صوبہ سرحد کو ملا کرتا تھا، یہ Edge ہوا کرتا تھا، اس کے بعد آپ کے Federal divisible pool سے جو بقایا پیسہ بچ جاتا تھا، وہ آپ کی آبادی کے تناسب سے تمام صوبوں کو ملتا تھا، اب آپ آبادی کے تناسب سے اس کو تقسیم کریں تو 63 فیصد آبادی پنجاب کی ہے، میں نے کل بھی عرض کیا تھا کہ ہم اپنے پنجاب کے دشمن نہیں ہیں، لیکن اگر فارمولا آپ کا یہی ہے اور آپ Under development کو بیچ میں چھوڑ دیں تو تمام پیسہ آپ کے وسائل ہونگے، پیسہ آپ کا Divert ہو گا اور مرکز کی طرف جائے گا، ہماری ان سے ریکویسٹ یہ ہے کہ آج وہ 10% subvention جو ہے، وہ کم ہو کر پانچ پرسنٹ رہ گیا ہے اور اس پہ بہت زیادہ بدقسمتی یہ ہے کہ آپ کے ساتھ ان پانچ پرسنٹ میں پنجاب بھی شامل ہو گیا ہے، اس پانچ پرسنٹ میں آپ کے ساتھ سندھ بھی شامل ہو گیا ہے، تو آپ مجھے بتائیں کہ وہ جائیداد جو دو بھائی آپس میں تقسیم کرتے تھے، آج آپ کے ساتھ چار بھائی آگئے ہیں تو پیسہ آپ کا وہی ہے، اس میں ایک پرسنٹ کا اضافہ نہیں ہو رہا ہے، لیکن پھر بھی

